# 10-12-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اس مہینہ کی 17 تاریخ کو سرمائی تعطیلات کیلئے حیدرآباد آئیں گی۔ حیدرآباد کے بولارم میں صدر جمہوریہ کا قیام 22 دسمبر تک رہے گا۔صدر جمہوریہ کے انتظامات کا عہدیداروں نے لیا جائزہ۔

۲۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ حکومت حیدرآباد میں واقع عثمانیہ یونیورسٹی کو بین الاقوامی سطح پر ترقی دینے کے مقصد کے تحت ایک ہزار کروڑ روپے مختص کرچکی ہے۔

۳۔ کل ووٹنگ ہونے والے گرام پنچایت کے پہلے مرحلہ کے انتخابات کیلئے تمام تر انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں۔ریاستی الیکشن کمیشن رانی کمودنی کا بیان۔

اور

۴۔تلنگانہ بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے کہا کہ بی جے پی گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن کی توسیع کی مخالفت کرتی ہے۔

Google

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حیدرآباد کے ٹی۔ہب میں گوگل اسٹارٹپ ہب کا افتتاح کیا۔اس موقع پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے بات کرتے ہوئے کہا کہ دو دہائیوں قبل افتتاح کئے گئے کئی اسٹارٹپ کمپنیاں آج بلین ڈالر کمپنیوں کے طور پر ترقی کرچکے ہیں۔اس کے بہترین مثالیں گوگل، ایپل، امیزان،ٹیسلہ،فیس بک ہیں۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ حیدرآباد میں بھی سافٹ ویر سرویس، فارما، لائف سائنس کے شعبہ جات میں بہت سی اسٹارٹ اپ کمپنیاں بڑے کمپنیوں کے طور پر ترقی کئے ہیں۔

وزیراعلیٰ نے کہا کہ حیدرآباد سے کم از کم 100 اسٹارٹ اپ یونی کارنس کمپنیوں کے طور پر ترقی کرنے کی امید رکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت ایک ہزار کروڑ کے ذریعہ اسٹارٹ اپ فنڈ قائم کرے گی۔اس فنڈ کو نوجوان صنعت کاروں کو استعمال میں لانے کا مشورہ دیا۔

Sound Byte Revanth Reddy

اس پروگرام میں ریاستی وزیر سریدھر بابو، گوگل انڈیا کنٹری منیجر پریتی لوبانا اور دیگر نے شرکت کی۔

Osmania - CM

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ حکومت حیدرآباد میں واقع عثمانیہ یونیورسٹی کو بین الاقوامی سطح پر ترقی دینے کے مقصد کے تحت ایک ہزار کروڑ روپے مختص کرتے ہوئے اس کی ترقی کیلئے خصوصی توجہ دے رہی ہے۔وزیراعلیٰ نے آج عثمانیہ یونیورسٹی کا دورہ کیا۔اس موقع پر وزیراعلیٰ نے ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تلنگانہ تحریک میں عثمانیہ یونیورسٹی کا اہم رول ہے جب بھی اجارہ داری قائم کرنے کی کوشش کی گئی اس وقت ہر بار تلنگانہ میں ایک تحریک شروع ہوئی۔سابق وزیراعظم پی وی نرسمہاراوٗ، جئے پال ریڈی، جارج ریڈی، غدر جیسے اہم شخصیتوں کو دینے کا اعزاز عثمانیہ یونیورسٹی کو حاصل ہے۔

Sound Byte CM

اس موقع پر وزیراعلیٰ نے یونیورسٹی کی ترقی کے ماسٹر پلان اور ڈیزائن کیلئے طلبہ سے مشورہ حاصل کرنے کیلئے ایک خصوصی کیوآر کوڈ کو جاری کیا اور دوسری جانب یونیورسٹی کی ترقی کیلئے ایک ہزار کروڑ روپے منظور کرتے ہوئے محکمہ ہائر ایجوکیشن نے احکامات جاری کئے۔

Panchayat

ریاست میں کل پہلے مرحلہ کے گرام پنچایت انتخابات کیلئے ووٹنگ ہوگی۔صبح سات بجے سے دوپہر ایک بجے تک ووٹ ڈالے جائیں گے۔ پہلے مرحلہ میں 189 منڈلوں میں چار ہزار 235 گرام پنچایتوں میں پولنگ ہوگی۔ پہلے مرحلہ کے پنچایت انتخابات میں 56 لاکھ 19 ہزار 430 ووٹرس اپنے ووٹ کے حق کا استعمال کریں گے۔ اس میں 27 لاکھ 41 ہزار 70 مرد ووٹرس ہیں جبکہ 28 لاکھ 78 ہزار 159 خواتین ووٹرس ہیں۔ 201 دیگر ووٹرس ہیں ۔ ان باتوں کا انکشاف عہدیداروں نے کیا۔ پہلے مرحلہ کے انتخابات کیلئے 37 ہزار 562 پولنگ مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ اسی دن دوپہر ایک بجے کے بعد کاؤنٹنگ کا آغاز ہوگا اور بعدازاں نتائج جاری کئے جائیں گے۔ آج شام چھ بجے سے جمعہ کی شام چھ بجے تک شراب کی دوکانات، بیلٹ شاپس بندرہیں گے۔ پہلے مرحلہ میں 395 گرام پنچایتوں میں بلا مقابلہ انتخاب ہوا ہے۔

Holiday

گرام پنچایت انتخابات کے ضمن میں اِس مہینہ کی دس، گیارہ، تیرہ، چودہ اور سولہ، سترہ تاریخ کو تمام دوکانات، تجارتی اداروں، خانگی دفاتر صنعتی اداروں اور دیگر تجارتی اداروں میں کام کرنے والے ملازمین کو بااجرت تعطیل دینے یا ووٹ کے حق کا استعمال کرنے کے لئے مناسب وقت فراہم کرنے نلگنڈہ ضلع محکمہ لیبر کے ڈپٹی کمشنر سیتارام نے اپنے احکامات میں ان اداروں کو ہدایت دی۔ تلنگانہ شاپس اینڈ اسٹابلشمنٹ ایکٹ 1988ء کے تحت ووٹ ڈالنا ملازمین کا حق ہے۔ ووٹ ڈالنے سے روکنا قانون کی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی ادارہ کے مالکین ان احکامات پر عمل نہ کرنے پر ان کے خلاف کریمنل کیس اور جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

## Buses

ریاستی وزیرٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے کہا کہ ملک میں پہلی بار ہماری ریاست میں آرٹی سی بسوں کیلئے خواتین سنگموں کے امیدواروں کو مالکین کے حقوق فراہم کرنے کا اعزاز تلنگانہ حکومت کو حاصل ہے۔سکندرآباد کے رانی گنج آرٹی سی ڈپو میں آج صبح 65 الکٹرک بسوں کوانہوں نے جھنڈی دکھا کر افتتاح کیا۔اس موقع پرانہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ آلودگی سے بچانے کیلئے محکمہ ٹرانسپورٹ نے ای وی پالیسی ،اسکراپ ، پالیسی کومتعارف کروایا ہے۔آرٹی سی ادارہ کی حفاظت ،ملازمین کی فلاح و بہبود، مسافرین کی حفاظت حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ مسافرین کی سہولت کیلئے ای وی بسوں کومیڈارم سمکا جاترا،سری سیلم ،یادادری کو چلایا جائے گا۔

## Taiwan

حیدرآباد کے ٹی ورکس میں آج تائیوان جاب ایکسپو کا آئی ٹی وصنعت کے وزیر سریدھر بابو نے افتتاح کیا۔اس ایکسپو میں ریاست کے 20 انجینئر نگ کالج کے طلبہ نے شرکت کی۔اس میں 6 تائیوان کی کمپنیاں قابل طلبہ کواپنے ادارہ میں ملازمت فراہم کریں گی۔اس کے لئے منتخب ہونے والے طلبہ کوٹریننگ فراہم کرتے ہوئے تائیوان میں روزگار کے مواقع فراہم کریں گے۔

## Big Leaders

تلنگانہ رائزنگ ویژن ڈاکومنٹ کے مقصد کو پورا کرنا اور ترقی کے نمونہ میں دنیا کوایک آئیڈیل کے طور پر کھڑا کرنے کا موقع تلنگانہ رائزنگ ویژن ڈاکومنٹ کوحاصل ہوگا۔ان خیالات کا اظہارقومی اور بین الاقوامی سطح کے معاشی ماہرین نے کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ دنیا بھی تلنگانہ کے نمونہ کواپنانے کی کوشش کرے گی۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کے مطابق تلنگانہ آن اسٹے پابل ہی نہیں بلکہ آن بٹابل کے طور پر ہے۔تلنگانہ حکومت کی جانب سے اختیار کی جانے والی پالیسی آنے والے دہے میں ٹرلین ڈالرا کنامی 2047ءتک تین ٹرلین ڈالرمعاشی نظام کوحاصل کرنا ناممکن نہیں ہوگا۔

Harish Rao

سابق ریاستی وزیر و بی آر ایس کے رکن اسمبلی ہریش راؤ نے کہا کہ تلنگانہ حکومت کی جانب سے جاری کئے گئے ویژن ڈاکومنٹ میں ویژن نہیں ہے۔انہوں نے اس کو ویژن لیس ڈاکومنٹ قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ کروڑوں روپے خرچ کرتے ہوئے منعقد کئے گئے گلوبل سمٹ میں سرمایہ کاری سے متعلق صرف زبانی کہانیاں بتائی گئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس سے عوام کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔

Rashtrapati

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اس مہینہ کی 17 تاریخ کو سرمائی تعطیلات کیلئے حیدرآباد آئیں گی۔ حیدرآباد کے بولارم میں صدر جمہوریہ کا قیام ہوگا۔صدر جمہوریہ کے دورہ کے ضمن میں عہدیداروں نے آج ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا جس میں مختلف انتظامات اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر جمہوریہ اس موقع پر حیدرآباد میں مختلف پروگراموں میں بھی شرکت کریں گی جبکہ مختلف قائدین اور اہم شخصیتوں سے ملاقات بھی کریں گی اور صدر جمہوریہ حیدرآباد کے نواحی علاقہ فلم سٹی میں منعقد ہونے والے ریاستوں کے پبلک سروس کمیشن کے اجلاس میں بھی شرکت کریں گی۔

Ramchander Rao

تلنگانہ بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے کہا کہ بی جے پی گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن کی توسیع کی مخالفت کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس توسیع میں عوام کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔انہوں نے پارٹی دفتر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ 69 لاکھ ووٹرس رہنے والے جی ایچ ایم سی کو اچانک ایک کروڑ 69 آبادی کی حد تک لاتے ہوئے حیدرآباد کو ملک بھر میں ایک بڑا شہر بنانے کا کانگریس حکومت دعویٰ کررہی ہے جبکہ جی ایچ ایم سی کے حدود میں مختلف وارڈوں میں بنیادی سہولتوں کا فقدان پایا جاتا ہے۔

## Election Commission

ریاست میں کل ہونے والے گرام پنچایت کے پہلے مرحلہ کی ووٹنگ کیلئے تمام تر انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں۔ان باتوں کا اظہار ریاستی الیکشن کمشنر رانی کمودنی نے کیا۔انہوں نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ پہلے مرحلہ کی ووٹنگ کیلئے بندوبست اورامن وامان کی برقراری کیلئے پولیس کے عہدیداراس کا معائنہ کررہے ہیں۔پولنگ مکمل ہونے کےفوری ساتھ ہی کاؤنٹنگ کا آغاز ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اب تک کی گئی جانچ میں 8 کروڑ سے زائدرقم کوضبط کرلیا گیا۔

## Community Radio Centre

مرکزی مملکتی وزیر اطلاعات ونشریات ایل مرگن نے آج لوک سبھا میں بات کرتے ہوئے کہا کہ ملک بھر میں کمیونٹی ریڈیو کے پروگراموں کو مضبوط بنانے کے لئے حکومت پچاس کروڑ روپیوں کی لاگت سے خصوصی اسکیم کوروبہ عمل لارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ پانچ سالوں میں ملک بھر میں 2012ء نئے کمیونٹی ریڈیو کے مراکز قائم کئے گئے ہیں جن میں 35 مراکز اتر پردیش میں قائم کئے گئے ہیں۔

## Unesco Diwali

ملک بھر میں منائے جانے والے تاریخی وثقافتی تہواروں میں شامل ایک تہوار دیپاولی کو یونائیٹڈ نیشن ایجوکیشنل سائنٹفک اینڈ کلچرل آرگنائزیشن یونیسکوامورتا تہذیبی و تاریخی ثقافت کی فہرست میں باضابطہ شامل کیا۔نئ دہلی کے لال قلعہ کےقریب ہونے والے یونیسکو بین حکومتی کمیٹی کے بیسویں اجلاس میں اس بات کا اعلان کیا گیا۔

RPF

ریلوے پروٹیکشن فورس کے 26 ویں آل انڈیا پولیس بینڈ کے مقابلے اس مہینہ کی 16 تاریخ سے 20 تاریخ تک سکندرآباد کے مولاعلی میں واقع آر پی ایف تربیتی سنٹر میں منعقد ہوں گے۔آر پی ایف کے بی آئی جی اورنوڈل آفیسر شادان زیب خان نے اپنے ایک بیان میں کہا۔